Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

اہم ترین

وفاقی دارالحکومت کے تاجروں کی جانب سے مینڈیٹ چور حکومت کے عوام دشمن بجٹ اور ظالمانہ معاشی فیصلوں کے خلاف احتجاج کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے تاجر برادری کے کل کے احتجاج کی مکمل حمایت کا اعلان

کارکنان اور ذمہ داران کو ملک گیر سطح پر تاجر برادری کے احتجاج میں بھرپور شرکت کرنے کی ہدایت

مینڈیٹ چور سرکار نے ربڑ سٹیمپ اور غیر نمائندہ ایوان سے تاریخ کا بدترین اور ظالمانہ بجٹ منظور کروایا ہے،

مینڈیٹ چور سرکار کا بجٹ عوام، کسان اور تاجروں سمیت تمام شعبہ ہائے زندگی کی معیشت کیلئے موت کا پروانہ اور تباہ حال معیشت کی مکمل بربادی کا نسخہ ہے،

بجلی کے ناقابلِ برداشت بلوں کے بعد بجٹ کے نتیجے میں آمدن اور قوتِ خرید میں سنگین کمی عوام کی جان نکال دے گی اور بھوک و افلاس سرکاری پناہ میں ناچیں گے،

مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈال کر غیر منتخب ایوان کے ذریعے عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کی سرکاری کوششوں کی روزِ اوّل سے مخالفت کرتے آئے ہیں، تحریک انصاف نے اپنے دور میں کورونا وبا اور عالمی مہنگائی کے باوجود معاشرے کے تمام طبقات کے معاشی مفادات کا بھرپور تحفّظ کیا اور معیشت کو 6 فیصد کی شرح سے ترقی دلوائی، ترجمان تحریک انصاف

کسانوں کے معاشی قتلِ عام کے بعد تاجروں کا احتجاج اس غیر منتخب اور غیر نمائندہ سرکار کیخلاف فردِ جرم ہے، تاجروں کے احتجاج کی مکمل حمایت کرتے ہیں،

عوام لاقانونیت کی چھتری میں مینڈیٹ چوری کے ذریعے مسلّط کی گئی سرکار کی رخصتی کیلئے ملک گیر پرامن احتجاج کی تیاری کریں، عوام کی منتخب اور جائز حکومت ہی ان کے معاشی مفادات کے تحفّظ کا بیڑہ اٹھائے گی اور معیشت کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر ڈالنے کیلئے مؤثر حکمتِ عملی اپنائے گی، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ